فوری ریلیز کے لیے: 21/3/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں 13.9$ ملین کے کثیر نمونہ منصوبے کے آغاز کا اعلان***

***ٹیری ٹاؤن میں ساؤتھ براڈوے روٹ 9 پر تھرووے I-87/I-287 کے اوپر سائیکل سواروں/پیدل چلنے والوں کا پل تعمیر کیا جائے گا***

***گورنر Mario M. Cuomo پُل کے بغلی راستے کو جنوب میں لینڈہرسٹ مینشن تک وسیع کیا جائے گا***

***جنوبی براڈوے پر تھرو وے کے اوپر اور اس سے باہر کے ریمپ کو چوڑا کیا جائے گا***

***سڑک کی دیگر بہتریوں کے ساتھ اہم چوراہے پر نیا ٹریفک سگنل نصب کیا جائے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ تھرو وے اتھارٹی ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے گاؤں ٹیری ٹاؤن میں ساؤتھ براڈوے روٹ 9 کے ساتھ 13.9$ ملین کا کثیر نمونہ منصوبے کا آغاز کرے گی۔ کثیر الجہت منصوبہ گورنر Mario M. Cuomo پل کے بغلی راستے کو جنوب کی طرف لینڈہرسٹ مینشن تک وسیع کرے گا اور اس میں تھرو وے I-87/I-287 پر 270 فٹ لمبے پیدل چلنے والوں کے پل کی تعمیر بھی شامل ہے تاکہ پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کی رسائی کو بہتر بنایا جا سکے۔

**گورنر Hochul نے کہا**، "پیدل چلنے والوں اور سائیکل چلانے والوں کی دریائے ہڈسن تک رسائی کو بڑھانا علاقوں کو تفریح اور سفر کے لیے جوڑنے کے لیے ضروری ہے۔ تھرو وے اتھارٹی اور محکمۂ ٹرانسپورٹ کے درمیان یہ شراکت داری ٹیری ٹاؤن کے رہائشیوں اور وادی ہڈسن کے سیاحوں کو شاندار نئی خدمات فراہم کرے گی -- جس سے محفوظ، زیادہ مربوط علاقے تخلیق ہوں گے"۔

ریاست نیو یارک کا محکمۂ ٹرانسپورٹیشن دو سالہ منصوبے کے لیے فنڈنگ میں شراکت دار ہے، جو مندرجہ ذیل کام بھی کرے گا:

- تھرو وے انٹرچینج 9 پر ریمپ کو چوڑا کرنا جو ساؤتھ براڈوے کی طرف آنے جانے کے لیے ہے؛
- ساؤتھ براڈ وے سے جنوب کی طرف جانے والے تھرو وے کے داخلی ریمپ تک بائیں طرف دوسری باری والی لین شامل کرنا؛
- پالڈنگ ایونیو پر ساؤتھ براڈ وے پر ٹریفک سگنل نصب کرنا تاکہ موٹرسواروں کے لیے مڑنے کو محفوظ بنایا جا سکے؛
- روٹ 119 سے گریسمیر لین کے بالکل جنوب تک ساؤتھ براڈوے کی مرمت اور سطح دوبارہ تیار کرنا؛
- گاؤں کے پانی کے مین کو ساؤتھ براڈوے پل پر منتقل کرنا۔

**تھرووے اتھارٹی کے عبوری ایگزیکٹو ڈائریکٹر Frank G. Hoare نے کہا**، "یہ اہم منصوبہ ٹیری ٹاؤن میں ساؤتھ براڈوے کوریڈور کو بہتر بنائے گا اور پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے لیے گورنر Mario M. Cuomo

پُل، اور بائیسکل/پیدل چلنے والوں کے دیگر نیٹ ورکس جیسے کہ ریور واک اور پرانا کروٹن ایکویڈکٹ تک رسائی کو محفوظ تر بنائے گا۔ اس منصوبے جیسے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری سے ناصرف علاقے بلکہ ان تمام لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے جو گاؤں اور اس کے بہت سے پُرکشش مقامات کی سیر کرنے آتے ہیں"۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "گورنر Mario M. Cuomo پل کا بغلی راستہ وادی ہڈسن کے عظیم تفریحی مقامات میں سے ایک ہے، جو بائیسکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو دریائے ہڈسن کے دلکش نظارے پیش کرتا ہے جب وہ 21ویں صدی کے بنیادی ڈھانچے کی ملک میں بہترین مثالوں کو پار کرتے ہیں۔ محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کو اس منصوبے پر تھرو وے اتھارٹی کے ساتھ شراکت کرنے پر فخر ہے، جو پل کو عبور کرنے کو مزید ضروری سرگرمی بنا دے گا اور سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو روٹ 9 کوریڈور پر جانے اور ویسٹ چیسٹر میں مشہور تفریحی مقامات تک پہنچنے کے لیے ایک محفوظ طریقہ فراہم کرے گا"۔

**سینیٹ کی اکثریتی رہنماء Andrea Stewart-Cousins نے کہا،** "مجھے ٹیری ٹاؤن میں روٹ 9 پر اس بڑے منصوبے کی معاونت کرتے ہوئے خوشی ہوئی ہے جو Mario Cuomo پل سے نیچے لینڈہرسٹ تک سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کے لیے ایک بغلی راستے کو وسیع کرے گا جس میں تھرو وے پر پیدل چلنے والوں کے لیے ایک پل بھی شامل ہے۔ یہ تھرو وے پر اور اس سے نیچے ریمپ کو بہتر بنائے گا اور اہم بات یہ ہے کہ پالڈنگ کے ساتھ براڈوے کے چوراہے پر ٹریفک لائٹ شامل کرے گا۔ یہ اشارہ علاقے کے مکینوں نیز شیمز جے سی سی سے نکلنے اور داخل ہونے والوں کی حفاظت کے لیے ایک انتہائی ضروری اضافہ ہے۔ یہ پیدل چلنے والوں، سائیکل سواروں اور گاڑی چلانے والوں کے لیے ایک جیت ہے — اور میں NYS تھروووے اتھارٹی اور NYS محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کو ان کی کوششوں کے لیے سراہتی ہوں"۔

**رکنِ اسمبلی MaryJane Shimsky نے کہا،** "ریاست نیو یارک کی 13.9$ ملین کی سرمایہ کاری ٹیری ٹاؤن میں ساؤتھ براڈ وے کے ساتھ مقامی بنیادی ڈھانچے اور آمد و رفت کی روانی کو بہتر بنائے گی - خواہ وہ گاڑیاں ہوں، سائیکل، یا پھر پیدل ہوں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیا پیدل چلنے والا پل ارونگٹن اور ٹیری ٹاؤن کے درمیان سفر کرنے والے پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے لیے ایک انتہائی ضروری، محفوظ رابطہ فراہم کرے گا۔ میں اس بہت زیادہ استعمال ہونے والی راہداری کی دیرینہ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے محکمۂ ٹرانسپورٹیشن (Department Of Transportation, DOT) اور ریاست کی تھرو وے اتھارٹی کا شکریہ ادا کرتی ہوں"۔

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو George Latimer نے کہا،** "ہماری سڑکوں کو ٹھیک رکھنا تاکہ مسافروں اور ہمارے تاریخی مقامات کی سیر کرنے والوں کی پورے ویسٹ چیسٹر میں ہر چیز تک ہموار، محفوظ رسائی ہو سکے حکومت کا سب سے اہم کام ہے۔ مجھے اس اہم اپ گریڈ پر ریاست نیو یارک میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے تاکہ تحفظ کو بڑھایا جا سکے اور ویسٹ چیسٹر کے مکینوں اور مہمانوں کے لیے یکساں طور پر آنے اور لطف اندوز ہونے کے مواقع کو بڑھایا جا سکے"۔

**گرین برگ ٹاؤن کے سپروائزر Paul Feiner نے کہا،** "میں بہت خوش ہوں کہ NYS تھرو وے اتھارٹی ٹیری ٹاؤن گاؤں میں ساؤتھ براڈوے (روٹ 9) کے ساتھ پیدل چلنے، سائیکل چلانے اور حفاظت میں بہتری لانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ میں ایک شوقین سائیکل سوار ہوں۔ پل تک سائیکل چلانے اور پیدل چلنے والوں کی رسائی کو بہتر بنانے کی تمام کوششیں خوش آئند ہیں"۔

نیا 270 فٹ لمبا پیدل چلنے والا پل اس منصوبے کا اعلیٰ ترین جزو ہے۔ 14 فٹ چوڑا، پل 11 حصوں میں Avon, N.Y. کے LMC Industrial Contractors, Inc. کی جانب سے تعمیر کیا جائے گا اور سائٹ پر جوڑا جائے گا۔ حصوں میں تعمیر زیادہ تر کام کو ایک کنٹرول شدہ ماحول میں سائٹ سے باہر کیے جانے کی اجازت دیتی ہے، اس طرح شاہراہوں کے قریب اور اس کے اوپر سرگرمی کی مقدار کو کم کرتی ہے اور موٹرسائیکلوں اور رہائشیوں پر اثرات کو محدود کرتی ہے۔ اس سال کے آخر میں تعمیر کیا جانا متوقع، یہ پُل جنوبی براڈوے کے مغرب (دریائے ہڈسن) کی طرف واقع ہو گا۔

سنہ 2024 کے آخر میں منصوبے کی تکمیل کے بعد، گورنر Mario M. Cuom پُل کا بغلی راستہ ٹیری ٹاؤن میں 333 ساؤتھ براڈ وے پر ویسٹ چیسٹر لینڈنگ سے لے کر لینڈہرسٹ مینشن تک تقریباً ایک میل جنوب میں پھیل جائے گا، جہاں پیدل چلنے والے اور سائیکل سوار بغیر کسی رکاوٹ کے اولڈ کروٹن ایکویڈکٹ ٹریل سے منسلک ہو سکیں گے۔بغلی راستہ فی الحال ایک ہائی والیم جگ ہینڈل پر ختم ہوتا ہے جہاں ساؤتھ براڈوے روٹ 119 سے ملتا ہے۔ جون 2020 میں کھلنے کے بعد سے اب تک 500,000 سے زیادہ لوگ پل کے 3.6 میل کے راستے پر سفر کر چکے ہیں۔

اس ہفتے سے، عملہ ساؤتھ براڈوے پُل کے کام کے علاقے کے اندر کھدائی کی سرگرمیوں کی توقع میں درختوں کی صفائی اور گربنگ شروع کر دے گا۔ اس کے بعد تھرو وے کے دونوں جانب کنکریٹ کا نیا پل تعمیر کیا جائے گا۔

تعمیر کا بیشتر حصہ دن کے وقت ہو گا۔ کچھ کام جس میں تھرووے لین کی بندش کی ضرورت ہوتی ہے وہ مزدوروں کی حفاظت اور ٹریفک پر اثرات کو محدود کرنے کے لیے رات کو ہوں گے۔ اس کے علاوہ، کچھ تعمیراتی سرگرمیوں کے لیے ضرورت کے مطابق ایگزٹ 9 ریمپ کو ایک لین تک محدود کر دیا جائے گا۔

ٹھیکہ Gianfia Corporation of Hawthorne, N.Y. کو ایک مسابقتی بولی کے عمل کے بعد دیا گیا تھا۔

گاڑی چلانے والوں کو بعض اوقات کام کے علاقے میں لین میں کمی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور انہیں یاد دلایا جاتا ہے کہ ریاست نیو یارک میں، کام کے علاقے میں تیز رفتاری پر جرمانے کو دگنا کر دیا جاتا ہے۔ کام کے علاقے میں حفاظتی ایکٹ مجریہ 2005 (Work Zone Safety Act of 2005) کے مطابق، کام کے علاقے میں تیز رفتاری کی دو یا دو سے زیادہ خلاف ورزیوں کی سزا کے نتیجے میں کسی فرد کا ڈرائیور لائسنس معطل ہو سکتا ہے۔

تھرو وے اتھارٹی وفاقی یا ریاستی ٹیکس کے ڈالر وصول نہیں کرتی ہے۔ یہ صارفین کی فیس کے ذریعے فنڈ کیا جاتا ہے۔ اتھارٹی کا منظور شدہ 2023 کا بجٹ اپنے کیپٹل پروگرام کی کفالت کرنے کے لیے مجموعی طور پر 413$ ملین کی سرمایہ کاری کرتا ہے، جو کہ سنہ 2027 تک مالیاتی منصوبوں میں 1.9$ بلین کی سرمایہ کاری کرنے والا ہے۔

تازہ ترین سفری معلومات کے لیے، گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے جو کہ آئی فون اور اینڈرائڈ ڈیوائسز پر مفت ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ گاڑی چلانے والوں کو سفر کے دوران ریئل ٹائم ٹریفک اور نیویگیشن کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔

مسافر تھرو وے اتھارٹی کا تعاملی سفری نقشہ بھی دیکھ سکتے ہیں جس میں لائیو ٹریفک کیمرے موجود ہیں۔ موٹر سوار TRANSalert کی ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرووے کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال کے بارے میں آگاہ کرتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں